PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

احمد شہزاد اور عمر اکمل کے انتخاب پر پی سی بی کی وضاحت

لاہور، 17 اکتوبر 2019ء :

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سینٹر مشاہد اللہ کے بیان پر وضاحتی بیان جاری کیا ہے۔ پی سی بی سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائےبین الصوبائی رابطہ کےاجلاس کے بارے میں بھی اپنی پوزیشن واضح کررہا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ سینٹر مشاہد اللہ کے بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حقائق بیان کرنا چاہتا ہے۔

پی سی بی واضح کرنا چاہتا ہے کہ مصباح الحق کی سربراہی میں قائم کردہ سلیکشن کمیٹی مکمل طور پر بااختیار ہے جو ملک کے بہترین کھلاڑیوں کو پاکستان کی نمائندگی کا موقع دے رہے ہیں۔ کھلاڑیوں کے انتخاب میں ان کی فارم، فٹنس اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد مصباح الحق نے اپنے وسیع تجربے کی بنیاد پر کھلاڑیوں کا انتخاب کرتے ہیں۔

علاوہ ازیں پی سی بی اپنے سلیکٹرز کی خودمختاری پر یقین رکھتا ہے اور انہیں بلاخوف و خطر کام جاری رکھنے کے لیےان کی بھرپور حوصلہ افزائی جاری رکھے گا۔ سری لنکا کے خلاف سیریز کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے انتخاب میں بھی یہی طریقہ کارملحوظ خاطر رکھا گیا۔ مصباح الحق پی سی بی اور نہ ہی کسی اوربالائی حلقوں کے زیراثر ہیں۔

پی سی بی یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہے کہ احمد شہزاد اور عمر اکمل کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 میں اپنی کارکردگی کی بنیاد پر قومی ٹیم میں جگہ دی گئی۔ سری لنکا کے خلاف سیریز سے قبل ایچ بی ایل پی ایس ایل ہی آخری ٹی ٹونٹی ایونٹ تھا۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 میں احمد شہزاد نے 8 میچوں میں 51.83 کی اوسط سے 311 رنز بنائیں۔ اس دوران ان کا اسٹرائیک ریٹ 126.93 رہا۔ احمد شہزاد نے ایونٹ میں 30 چوکے اور 8 چھکے جڑے۔ دوسری جانب عمر اکمل نے ایونٹ میں 12 میچز کھیلے اور 34.62 کی اوسط سے 277 رنز اسکور کیے۔ 18 چوکےاور 16 چھکے جڑنے والے عمر اکمل نے ایونٹ میں 137.12 کے اسٹرائیک ریٹ سے رنز اسکور کیے۔دونوں

کھلاڑیوں نے ایونٹ میں کوئٹہ گلاڈئیٹرز کی نمائندگی کی۔ایونٹ کا فائنل میچ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ہوا جسےدنیا بھر میں موجود لاکھوں شائقین کرکٹ نے دیکھااورکوئٹہ گلاڈئیٹرز کی ٹیم ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 کی چیمپئن ٹھہری۔

8 اکتوبر 2019 کو چیئرمین پی سی بی کے نام لکھے گئے خط میں درج تھا کہ سینئر نمائندےتمام متعلقہ افراد کے ہمراہ مذکورہ بالا اجلاس میں شرکت کرسکتے ہیں۔

پی سی بی کے چیئر مین اور چیف ایگزیکٹوآئی سی سی اجلاس میں شرکت کے لیے سفر پر جارہے تھے۔جس پر ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ ہارون رشید اور سینئر لیگل قونصل بیرسٹر سلمان نصیر کو اجلاس میں شرکت کے لیے نامزد کیا گیا ۔ دونوں عہدیداران اجلاس میں شامل تمام نکات پر مکمل علم رکھتے تھے۔

پی سی بی نے 14 اکتوبر 2019 کو لکھے گئے خط کے ذریعے یہ واضح کردیا تھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners